No. of Printed Pages :8 **BUDC-109**

B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

Term-End Examination

Dec., 2023

BUDC-109 : Urdu Adab Mein Tanz-O-Mazah

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ طنز و مزاح کی اقسام بیان کیجئے۔ ۱۰

P.T.O.

یا

''ہوئے مر کے ہم جو رُسوا'' کا تعارف پیش کرتے ہوئے درج ذیل متن کا مفہوم اپنے لفظوں میں بیان کیجیے :

''اب تو معمول سا بن گیا ہے کہ کہیں تعزیت یا تجہیز و تکفین میں شریک ہونا پڑے تو مرزا کو ساتھ لے لیتا ہوں۔ ایسے موقعوں پر ہر شخص اظہار ہمدردی کے طور پر کچھ نہ کچھ ضرور کہتا ہے۔ قطعۂ تاریخِ وفات ہی سہی۔ مگر مجھے نہ جانے کیوں چُپ سی لگ

جاتی ہے جس سے بعض اوقات نہ صرف
پس ماندگان کو بلکہ خود مجھے بڑا دُکھ ہوتا
ہے لیکن مرزا نے چُپ ہونا سیکھا ہی
نہیں۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ صحیح بات
کو غلط موقع پر بے دغدغہ کہنے کی جو
خداداد صلاحیت انہیں ودیعت ہوئی ہے وہ
کچھ ایسی ہی تقریبوں میں گل کھلاتی
ہے۔ وہ گھُپ اندھیرے میں سرِ رہگزر
چراغ نہیں جلاتے، پھلجھڑی چھوڑتے ہیں
جس سے بس ان کا اپنا چہرہ رات کے

سیاہ فریم میں جگ مگ جگ مگ کرنے

لگتا ہے۔ اور پھلجھڑی کا لفظ یوں ہی

مروّت میں قلم سے نکل گیا ورنہ ہوتا یہ

ہے کہ

جس جگہ بیٹھ گئے آگ لگا کر

اُٹھے اس کے باوجود وہ خدا کے ان حاضر

و ناضر بندوں میں سے ہیں جو محلے کی ہر

چھوٹی بڑی تقریب میں شادی ہو یا غمی،

موجود ہوتے ہیں، بالخصوص دعوتوں میں

سب سے پہلے پہنچتے اور سب سے بعد

اٹھتے ہیں۔ اس انداز نشست و برخاست

میں ایک کھلا فائدہ یہ دیکھا کہ وہ باری

باری سب کی غیبت کر ڈالتے ہیں۔ ان

کی کوئی نہیں کرپاتا۔

۲۔ ''نظیراحمد کی کہانی کچھ ان کی اور کچھ

میری زبانی'' خاکہ کی خصوصت بیان

کیجئے۔ ۱۰

یا

نظم ''ہوسِ شہرت'' کا تعارف پیش کرتے

ہوئے اس کے مرکزی خیال کو واضح

کیجئے۔

۳۔ ''غالب جدید شعرا کی ایک مجلس میں''
خاکہ کی خوبیاں بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

نظم ''فرضی لطیفہ'' پر ایک نوٹ لکھیے۔

(حصہ ب)

۴۔ رشید احمد صدیقی کی طنز و مزاح نگاری کا
جائزہ لیجیے۔ ۱۵

یا

عصر حاضر میں اردو طنز و مزاح پر تفصیلی
اظہار خیال کیجیے۔

۵۔ کنہیا لال کپور کی طنز و مزاح نگاری پر

تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔ ۱۵

یا

ظریف لکھنوی کی طنز و مزاحیہ شاعری

سے بحث کیجیے۔

(حصہ ج)

۶۔ اردو نثر میں طنز و مزاح کی روایت پر

جامع مضمون قلم بند کیجیے۔ ۲۰

یا

رضا نقوی واہی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری کا

مفصل جائزہ لیجیے۔

۷۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کی طنز و مزاح نگاری سے مدلل بحث کیجیے۔ ۲۰

یا

اکبر الہٰ آبادی کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔